والے اسکالرز اور عملی ماہرین شریک ہوتے ہیں۔ سیمینار میں اہلِ علم، دانشوروں اور مختلف شعبوں کے ماہرین نے شرکت کی۔کیس لاہور کے ڈائریکٹر ایئر مارشل عرفان احمد (ریٹائرڈ) نے افتتاحی کلمات پیش کیے۔پاپولیشن سینٹر پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب منہاج الحق نے "پاکستان کے آبادیاتی رجحانات اور آبادی میں اضافہ: ملک کے لیے تزویراتی مضمرات" کے موضوع پر خطاب کیا۔ انہوں نے پاکستان کی تیز رفتار آبادی میں اضافے اور اس کے نتیجے میں عوامی خدمات، قدرتی وسائل اور سماجی و معاشی ترقی پر بڑھتے ہوئے دباؤ کی نشاندہی کی۔ انہوں نے خاندانی منصوبہ بندی، بچیوں کی تعلیم، خواتین کی بااختیاری، صحت کی سہولیات اور ہنرمندی کے فروغ کو مضبوط بنانے پر زور دیا۔انہوں نے پاکستان کے پائیدار مستقبل کے لیے آبادی کے منظم انتظام اور تعلیم، روزگار اور وسائل کی تقسیم سے متعلق مؤثر پالیسیوں کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ایس ڈی پی آئی اسلام آباد کی سینئر پالیسی ایڈوائزر اور سینئر فار ہیلتھ پالیسی اونویشن (ایس ایچ پی آئی) کی سربراہ ڈاکٹر رضیہ صفدر نے "آبادی میں اضافہ، شہری پھیلاؤ اور انسانی سلامتی: پاکستان کو درپیش ابھرتے ہوئے چیلنجز" کے عنوان سے اپنے خیالات پیش کیے۔انہوں نے بتایا کہ تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی، شہری پھیلاؤ اور موسمیاتی تبدیلی پاکستان کے نظام صحت اور بنیادی وسائل پر دباؤ میں اضافہ کررہے ہیں۔انہوں نے صحت کے شعبے کے لیے ملکی سطح پر مالی وسائل کی فراہمی، آبادی کے مربوط انتظام اور خواتین کی بااختیاری کی اہمیت اجاگر کی، اور "ون ہیلتھ" اپروچ اپنانے پر بھی زور دیا، جس میں انسانی، حیوانی اور ماحولیاتی صحت کو ایک ساتھ دیکھا جاتا ہے ۔وزارت منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات کے تحت پلاننگ کمیشن کی رکن (آبادی) ڈاکٹر شبانہ حیدر نے "منظم پاکستان کی تعمیر: آبادی کے انتظام اور پائیدار شہری ترقی کا لائحہ عمل" کے موضوع پر اظہار خیال کیا۔ ڈاکٹر حیدر نے تیز رفتار آبادی اور شہری پھیلاؤ سے پیدا ہونے والے چیلنجز پر روشنی ڈالی اور صحت، تعلیم، ہنرمندی کے فروغ اور خواتین کی معاشی شمولیت میں سرمایہ کاری کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے آبادی کے مربوط انتظام، بہتر طرز حکمرانی، اداروں کے باہمی تال میل اور پائیدار شہری منصوبہ بندی پر زور دیا، تاکہ آبادیاتی دباؤ کو مواقع میں بدلا جاسکے اور ایک جامع ترقی کی حامل، زیادہ مستحکم پاکستان کی بنیاد رکھی جاسکے۔سیمینار کے اختتام پر کیس لاہور کے صدر ایئر مارشل عاصم سلیمان (ریٹائرڈ) نے کہا کہ پاکستان کی بڑھتی ہوئی آبادی کو قومی سطح کی تزویراتی ترجیح کے طور پر تسلیم کیا جانا چاہیے۔انہوں نے نشاندہی کی کہ اظہار ہویں آئینی ترمیم کے بعد آبادی کی فلاح و بہبود کی ذمہ داری بڑی حد تک صوبوں کے پاس آ گئی ہے، اس لیے وفاق اور صوبوں کے درمیان ہم آہنگی ناگزیر ہے۔انہوں نے کہا کہ آبادیاتی تبدیلی کا انتظام ایک قومی تقاضا ہے جس کے لیے پورے معاشرے کو شامل کرنے والا طرز عمل درکار ہے۔انہوں نے زور دے کر کہا کہ پاکستان کا مستقبل آبادی کی تعداد پر نہیں، بلکہ اس کی پیداواری صلاحیت پر منحصر ہے۔سیمینار کا اختتام ایک فکر انگیز سوال و جواب کی نشست پر ہوا، جس میں خواتین کی تعلیم، انسانی سرمائے، آبادی میں تیز رفتار اضافے، بگھوتی اقدامات اور ان پر عمل درآمد کے طریقہ کار پر بھرپور بحث ومباحثہ دیکھنے میں آیا۔

بقیہ 4

بورڈ کمپلیکس کے کانفرنس روم میں کنٹرولر امتحانات تنویر اصغر اعوان، سیکرٹری بورڈ محمد فہمید اور بورڈ افسران کی موجودگی میں نتائج کا اعلان کیا۔نتائج کے مطابق امتحان میں مجموعی طور پر 57048 امیدواروں نے داخلہ بھجوایا، جن میں سے 55834 امیدوار امتحان میں شریک ہوئے ۔ان میں سے 30280 امیدوار کامیاب قرار پائے، جبکہ کامیابی کا مجموعی تناسب 54.23% فیصد رہا۔ مزید برآں، 25548 امیدوار ناکام ہوئے اور 1000 امیدوار امتحان میں غیر حاضر رہے ۔مذکورہ امتحان میں 18696 طلباء اور 37138 طالبات شریک ہوئیں۔نتائج بورڈ کی ویب سائٹ www.biserawalpindi.edu.pk پر بھی ملاحظہ کیے جاسکتے ہیں۔نتائج کے حوالے سے مزید معلومات کے لیے کنٹرولر امتحانات کے فون نمبرز 5450917-051 ,5450918-051 اور اسسٹنٹ کنٹرولر انٹر کے موبائل نمبر 5628056-0301 یا انٹر برانچ کے فون نمبر 5450920-051 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 5

محکموں کے افسران نے شرکت کی۔کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی نے کہا کہ شہری علاقوں میں سڑکوں کی بار بار کٹائی سے عوام کو مشکلات، ٹریفک مسائل اور سرکاری وسائل کے ضیاع کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اس لیے تمام متعلقہ محکمے روڈ کٹنگ سے قبل مکمل منصوبہ بندی اور باہمی رابطہ کاری کو یقینی بنائیں۔ کمشنر راولپنڈی نے ہدایت کی کہ جن محکموں، اداروں اور سروس پروائیڈرز کو اپنی سروسز کی تنصیب، منتقلی یا مرمت کے لیے روڈ کٹنگ کی ضرورت ہے، انہیں مربوط نظام کے تحت آن بورڈ کیا جائے۔تمام متعلقہ محکمے اپنے آئندہ منصوبوں اور زیرِ زمین لائنز کے حوالے سے ایک دوسرے کے ساتھ بروقت معلومات شیئر کریں تاکہ کسی بھی نئی تعمیر شدہ سڑک کو دوبارہ کاٹنے کی ضرورت پیش نہ آئے ۔کمشنر راولپنڈی نے کہا کہ روڈ کٹنگ کو آخری ترجیح رکھا جائے۔ جہاں ممکن ہو، روڈ کٹنگ کے بجائے تھرسٹ بورنگ، ڈکٹنگ اور دیگر متبادل جدید طریقہ کار اختیار کیے جائیں تاکہ سڑکوں کی سطح اور بنیادی ڈھانچے کو کم سے کم نقصان پہنچے۔ کمشنر راولپنڈی نے ہدایت کی کہ اگر کسی ناگزیر صورتحال میں روڈ کٹنگ کی اجازت دی جائے تو کٹی ہوئی سڑک کی بحالی اسی معیار اور مضبوطی کے ساتھ کی جائے۔روڈ کٹنگ کے بعد سڑک کی مکمل بحالی، فلنگ اور تعمیراتی کام 15 دن کے اندر مکمل کیے جائیں۔اس موقع پر PTCL کی جانب سے شاہ خالد کالونی فیز ٹو پر این او سی مانگا گیا جسے دو دن میں مکمل کرنے کی ٹائم لائن کے ساتھ منظور کیا گیا۔ اسی طرح واسا کی جانب سے پرانی مٹر سینٹر کی لائن بچھانے کی منظوری دی گئی۔ کمشنر نے ہدایت کی کہ یہ کام سات دن کے اندر اندر ہر طور پر مکمل کیا جائے اور اس دوران متبادل ٹریفک روٹ دیا جائے۔ مشتاق بیگ شہید روڈ پر کالونی کی سیوریج لائن دوبارہ فعال کرنے کے لئے اوپی کی درخواست پر دو دن میں مکمل کرنے کی ٹائم لائن دی گئی۔ SNGPL کی جانب سے 10 لوکلائیزر پٹر ودھالی، ناولٹی سینما، خورشید سینما، چھجی محلہ، اصغر مال، فضل آباد، ڈھوک حکمداد، ڈھوک کالا خان اور چاندنی چوک پر کام کرنے کی اجازت دی گئی۔ کمشنر راولپنڈی نے کہا کہ تمام بڑے ترقیاتی منصوبوں میں یوٹیلیٹی شفٹنگ اور روڈ کٹنگ کو منصوبے کے ابتدائی مرحلے میں شامل کیا جائے۔ اس مقصد کے لیے منصوبہ شروع ہونے سے قبل متعلقہ محکموں کا مشترکہ اجلاس منعقد کیا جائے تاکہ منصوبے کی تکمیل کے بعد دوبارہ سڑک کھودنے کی نوبت نہ آئے۔

بقیہ 6

ہدایات جاری کی گئیں تفصیلات کے مطابق ریجنل ڈائریکٹر مختسب اعلیٰ علی اکبر جاگیرانی نے صوبائی مختسب اعلیٰ سندھ کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس کشمور رایٹ کندھ کوٹ کا دورہ کیا اور کھلی کچہری کے دوران سرکاری و ریٹائرڈ ملازمین کی شکایات سنیں۔اس موقع پر انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ پنشن، ریٹائرمنٹ اور دیگر زیرِ التوا معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے تاکہ ملازمین کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ کھلی کچہری کے دوران ریجنل ڈائریکٹر مختسب اعلیٰ نے اے ڈی او مارشل عرفان احمد (ریٹائرڈ) نے افتتاحی کلمات پیش کیے۔ پاپولیشن سینٹر پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب منہاج الحق نے "پاکستان کے آبادیاتی رجحانات اور آبادی میں اضافہ: ملک کے لیے تزویراتی مضمرات" کے موضوع پر خطاب کیا۔ انہوں نے پاکستان کی تیز رفتار آبادی میں اضافے اور اس کے نتیجے میں عوامی خدمات، قدرتی وسائل اور سماجی و معاشی ترقی پر بڑھتے ہوئے دباؤ کی نشاندہی کی۔ انہوں نے خاندانی منصوبہ بندی، بچیوں کی تعلیم، خواتین کی بااختیاری، صحت کی سہولیات اور ہنرمندی کے فروغ کو مضبوط بنانے پر زور دیا۔انہوں نے پاکستان کے پائیدار مستقبل کے لیے آبادی کے منظم انتظام اور تعلیم، روزگار اور وسائل کی تقسیم سے متعلق مؤثر پالیسیوں کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ایس ڈی پی آئی اسلام آباد کی سینئر پالیسی ایڈوائزر اور سینئر فار ہیلتھ پالیسی اونویشن (ایس ایچ پی آئی) کی سربراہ ڈاکٹر رضیہ صفدر نے "آبادی میں اضافہ، شہری پھیلاؤ اور انسانی سلامتی: پاکستان کو درپیش ابھرتے ہوئے چیلنجز" کے عنوان سے اپنے خیالات پیش کیے۔انہوں نے بتایا کہ تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی، شہری پھیلاؤ اور موسمیاتی تبدیلی پاکستان کے نظام صحت اور بنیادی وسائل پر دباؤ میں اضافہ کررہے ہیں۔انہوں نے صحت کے شعبے کے لیے ملکی سطح پر مالی وسائل کی فراہمی، آبادی کے مربوط انتظام اور خواتین کی بااختیاری کی اہمیت اجاگر کی، اور "ون ہیلتھ" اپروچ اپنانے پر بھی زور دیا، جس میں انسانی، حیوانی اور ماحولیاتی صحت کو ایک ساتھ دیکھا جاتا ہے ۔وزارت منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات کے تحت پلاننگ کمیشن کی رکن (آبادی) ڈاکٹر شبانہ حیدر نے "منظم پاکستان کی تعمیر: آبادی کے انتظام اور پائیدار شہری ترقی کا لائحہ عمل" کے موضوع پر اظہار خیال کیا۔ ڈاکٹر حیدر نے تیز رفتار آبادی اور شہری پھیلاؤ سے پیدا ہونے والے چیلنجز پر روشنی ڈالی اور صحت، تعلیم، ہنرمندی کے فروغ اور خواتین کی معاشی شمولیت میں سرمایہ کاری کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے آبادی کے مربوط انتظام، بہتر طرز حکمرانی، اداروں کے باہمی تال میل اور پائیدار شہری منصوبہ بندی پر زور دیا، تاکہ آبادیاتی دباؤ کو مواقع میں بدلا جاسکے اور ایک جامع ترقی کی حامل، زیادہ مستحکم پاکستان کی بنیاد رکھی جاسکے۔سیمینار کے اختتام پر کیس لاہور کے صدر ایئر مارشل عاصم سلیمان (ریٹائرڈ) نے کہا کہ پاکستان کی بڑھتی ہوئی آبادی کو قومی سطح کی تزویراتی ترجیح کے طور پر تسلیم کیا جانا چاہیے۔انہوں نے نشاندہی کی کہ اظہار ہویں آئینی ترمیم کے بعد آبادی کی فلاح و بہبود کی ذمہ داری بڑی حد تک صوبوں کے پاس آ گئی ہے، اس لیے وفاق اور صوبوں کے درمیان ہم آہنگی ناگزیر ہے۔انہوں نے کہا کہ آبادیاتی تبدیلی کا انتظام ایک قومی تقاضا ہے جس کے لیے پورے معاشرے کو شامل کرنے والا طرز عمل درکار ہے۔انہوں نے زور دے کر کہا کہ پاکستان کا مستقبل آبادی کی تعداد پر نہیں، بلکہ اس کی پیداواری صلاحیت پر منحصر ہے۔سیمینار کا اختتام ایک فکر انگیز سوال و جواب کی نشست پر ہوا، جس میں خواتین کی تعلیم، انسانی سرمائے، آبادی میں تیز رفتار اضافے، بگھوتی اقدامات اور ان پر عمل درآمد کے طریقہ کار پر بھرپور بحث ومباحثہ دیکھنے میں آیا۔

بقیہ 7

ویسٹ لفٹنگ اور اینٹی لٹرنگ کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، جبکہ شہریوں کو صفائی کے اصولوں پر عمل درآمد کی ترغیب دینے کے لیے آگاہی مہم بھی چلائی جارہی ہے۔ انجمنی کی فیلڈ ٹیمیں دن اور رات کے اوقات میں شہر اور تحصیلوں کی اہم شاہراہوں، بازاروں اور مختلف علاقوں میں مینوئل سویپنگ، مکینیکل صفائی، سڑکوں پر پانی کے چھڑکاؤ اور کناروں و میڈیئز پر جمع مٹی کی سکریپنگ میں مصروف ہیں۔اس کے ساتھ کوڑا کرکٹ اٹھانے، کچرے کے ڈھیروں کے خاتمے اور زیرو ویسٹ آپریشن کے ذریعے شہری علاقوں کو صاف رکھنے کے اقدامات کیے جارہے ہیں تاکہ فضائی آلودگی میں اضافے کے اسباب کم کرنے اور ماحول کو بہتر بنانے میں مدد مل سکے۔ایم ڈی ستھرا پنجاب انجمنی راولپنڈی رانا ساجد صفدر نے کہا کہ صفائی اور سموگ کی روک تھام کے لیے فیلڈ آپریشن کے ساتھ شہریوں کا تعاون بھی ناگزیر ہے، کوڑا کرکٹ کو کھلے مقامات پر پھینکنا اور اسے جلانا نہ صرف صفائی کے نظام کو متاثر کرتا ہے بلکہ فضائی آلودگی میں بھی اضافے کا سبب بنتا ہے۔انہوں نے متعلقہ ٹیموں کو ہدایت کی کہ صفائی کے معیار کی مسلسل نگرانی، بروقت ویسٹ لفٹنگ اور خلاف ورزیوں کی روک تھام یقینی بنائی جائے اور شہریوں میں ذمہ دارانہ رویوں کو فروغ دینے کے لیے آگاہی سرگرمیاں جاری رکھی جائیں۔انٹی لٹرنگ سکواڈ نے جمعرات کے روز بنی چوک، جلیبی چوک، مری روڈ سمیت شہر کے مختلف علاقوں میں مجموعی طور پر 530 انسپکشنز کیں۔ اس دوران عوامی مقامات پر کوڑا کرکٹ پھینکنے اور گندگی پھیلانے والے 105 افراد کو وارننگ ٹوئس جاری کیے گئے۔ سکواڈ نے شہریوں کو متنبہ کیا کہ آئندہ خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ قوانین کے تحت جرمانے عائد کیے جائیں گے ۔دوسری جانب ستھرا پنجاب انجمنی راولپنڈی کی کیٹیگیشن ٹیم نے ٹیکسلا میں انٹی لٹرنگ اور اندادِ سموگ آگاہی مہم کے تحت سکولوں، مارکیٹوں اور رہائشی علاقوں میں گھر گھر جاکر شہریوں کو آگاہی فراہم کی۔ اس دوران شہریوں کو کوڑا کرکٹ پھیلانے اور جلانے پر جرمانوں سے متعلق بتایا گیا، جبکہ معلوماتی پمفلٹس تقسیم کرکے سموگ کی روک تھام، ماحول کے تحفظ اور صفائی کے نظام میں بہتری کے لیے تعاون کی اپیل کی گئی۔ ستھرا پنجاب انجمنی راولپنڈی نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ کوڑا کرکٹ سڑکوں، گلیوں اور خالی پلاٹوں میں پھینکنے کے بجائے صفائی عملے کے حوالے کریں، کچرے کو ہرگز نہ جلائیں اور اپنے اردگرد صفائی برقرار رکھنے میں ذمہ دارانہ کردار ادا کریں۔ انتظامی اقدامات کے ساتھ عوامی تعاون بھی راولپنڈی کو صاف، سرسبز، سموگ سے محفوظ اور زیرو ویسٹ شہر بنانے کی کوششوں میں بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔

بقیہ 8

کے بعد انتخابی عمل کی تحقیقات کی گئیں۔ان کا دعویٰ ہے کہ ان کے پاس مبینہ دھاندلی کے شواہد موجود ہیں اور اس حوالے سے پہلے بھی شکایت کی گئی، لیکن شنوائی نہ ہونے پر دوبارہ رجوع کیا گیا ہے۔سید ندیم منصور نے کہا کہ شکایت پر انصاف نہ ملا تو وہ ہائی کورٹ سے رجوع کریں گے۔ دوسری جانب ڈاکٹر شاہد ضیاء نے بھی انتخابات دوبارہ کرانے کی بات کی ہے۔تاہم انتخابی بے ضابطگیوں سے متعلق ان دعوؤں کی آزادانہ تصدیق اور متعلقہ حکام کا مؤقف سامنے آنا باقی ہے۔

بقیہ 9

دستیابی، علاج معالجے اور دیگر سہولیات کی فراہمی کے بارے میں دریافت کیا۔انہوں نے ہسپتال میں مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی اور علاج معالجے کے انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے ہسپتال کے مختلف شعبوں میں سہولیات کی صورتحال کا مشاہدہ کیا۔ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات اور ادویات کی فراہمی کی نگرانی کے لیے دورے کیے جارہے ہیں تاکہ مریضوں کو بہتر علاج معالجے کی سہولیات میسر آسکیں۔

بقیہ 10

کی نگرانی اور ڈینگی رسپانس رپورٹس کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ 21 اکتوبر 2026 کی شام تک راولپنڈی ضلع میں ڈینگی کے 65 کیسز کی تصدیق ہوئی ہے جو کہ پچھلے سالوں سے بہت کم ہے، جبکہ مریضوں کی اسکریننگ کے دوران مجموعی طور پر 5,446 مشتبہ کیسز رپورٹ ہوئے۔ ضلع بھر میں ڈینگی کے پھیلاؤ کو روکنے اور لاروا کی بروقت نشاندہی وتلفی کے لیے انڈور اور آؤٹ ڈور سرویلنس سرگرمیاں جاری ہیں۔ بریفنگ کے مطابق رواں سال اب تک ضلع بھر میں 56 لاکھ 83 ہزار سے زائد گھروں کی چیکنگ کی گئی، جبکہ تقریباً 19 لاکھ 63 ہزار مقامات کا معائنہ کیا گیا۔ سرویلنس کے دوران لاروا کی نشاندہی ہونے پر متعلقہ مقامات پر انسداد ڈینگی اقدامات کیے گئے تاکہ مچھر کی افزائش کو روکا جاسکے۔اجلاس میں 12 سے 20 اکتوبر کے دوران ڈینگی لاروا سے متعلق رسپانس سرگرمیوں کی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ بتایا گیا کہ مجموعی طور پر 14,247 رسپانس سرگرمیوں میں سے 14,206 مکمل کی جاچکی ہیں۔ اس موقع پر متعلقہ محکموں کو ہدایت کی گئی کہ زیرِ التوا کارروائیوں کو فوری مکمل کیا جائے اور ہر سرگرمی کی بروقت تکمیل اور مؤثر نگرانی یقینی بنائی جائے۔اجلاس میں ہاٹ اسپاٹس کے گرد ونواح میں سرویلنس، حساس یونین کونسلوں میں صفائی ستھرائی، قبرستانوں اور کھلی جگہوں کی صفائی، نالوں کی ڈی سلٹنگ اور عوامی آگاہی مہم کا بھی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ محکموں کو ہدایت کی گئی کہ ڈینگی کے تمکہ افزائش مقامات پر خصوصی توجہ دی جائے، فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی کی باقاعدہ نگرانی کی جائے اور لاروا کی موجودگی کی صورت میں فوری تدارک کی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل مدثر نے انسداد ڈینگی کے لیے تمام متعلقہ محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری اور مشترکہ حکمت عملی کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ سرویلنس اور فیلڈ سرگرمیوں میں کسی قسم کی غفلت نہ برتی جائے اور زیرِ التوا رسپانس سرگرمیوں کو مقررہ وقت میں مکمل کیا جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ حساس علاقوں میں خصوصی توجہ دی جائے اور انسداد ڈینگی اقدامات کے نتائج کو بہتر بنانے کے لیے فیلڈ سطح پر مؤثر اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ اجلاس میں شہریوں سے بھی اپیل کی گئی کہ وہ اپنے گھروں، دفتر، گملوں، پانی کی ٹنکیوں، کولروں اور دیگر مقامات پر پانی جمع نہ ہونے دیں، صفائی کا خاص خیال رکھیں اور ڈینگی سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کرتے ہوئے انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں۔

بقیہ 11

خواتین تک مالی امداد کی شفاف اور آسان فراہمی، ڈیجیٹل والٹس کے ذریعے ادائیگیوں کے نظام اور مستحق خاندانوں کی فلاح و بہبود کے لیے جاری کوششوں کی اہمیت پر بھی گفتگو کی گئی۔ چیئرپرسن بی آئی ایس پی سیٹزن ریونیو خالد نے مستحق خاندانوں کی معاونت اور خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے پروگرام کے کردار کو اجاگر کیا۔

بقیہ 12

کو ہدایت کی کہ منصوبے کو منظور شدہ ڈیزائن کے مطابق اعلیٰ تعمیراتی معیار برقرار رکھتے ہوئے مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے۔ چیئرمین سی ڈی اے کو اسلام آباد ایکسپریس وے ایسٹ کے اطراف غیر قانونی تعمیرات، غیر مجاز تجارتی سرگرمیوں اور بلڈنگ کنٹرول قوانین کی خلاف ورزیوں کے خلاف جاری انفورسمنٹ آپریشن کے بارے میں بھی بریفنگ دی گئی۔ آپریشن کے دوران اب تک 58 عمارتیں سیل کی جاچکی ہیں، جبکہ سوہان سے کھنہ پل کے درمیان 124 تعمیرات کی نشاندہی مساری کے لیے کی گئی ہے۔ مجموعی طور پر 377 تعمیرات، جن میں 281 تجارتی عمارتیں شامل ہیں، کے خلاف قانونی کارروائی کے لیے نشاندہی کی گئی ہے ۔انفورسمنٹ آپریشن کے دوران 25 کروڑ 5 لاکھ 90 ہزار 157 روپے وصول کیے جاچکے ہیں، جبکہ متعلقہ قواعد وضوابط کے تحت تقریباً 3 ارب روپے مزید واجب الادا ہیں۔چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف نے متعلقہ شعبوں کو ہدایت کی کہ بلڈنگ کنٹرول قوانین، زمین کے استعمال سے متعلق قواعد اور فائر سیفٹی کے لاگو تقاضوں پر سختی اور یکساں انداز میں عملدرآمد یقینی بنایا جائے ۔چیئرمین سی ڈی اے نے ہدایت کی ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کیا جائے ، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں معیار اور کوالٹی پر ہرگز سمجھوتہ نہ کیا تاکہ اسلام آباد کو ترقی یافتہ، خوبصورت دارالحکومت بنانے میں مدد مل سکے۔

بقیہ 13

اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی، کیپٹن (ر) ظفر اقبال نے بھی خطاب کیا۔انہوں نے تمام کامیاب سرمایہ کاروں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آکشن میں سرمایہ کاروں کی بھرپور شرکت اور اعتماد اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ FGEHA کی پالیسیوں اور نظام کو سرمایہ کار برادری میں پذیرائی حاصل ہورہی ہے ۔ڈی جی FGEHA نے کہا کہ:"آپ ہمارے لیے صرف سرمایہ کار نہیں بلکہ ہمارے بزنس پارٹنرز ہیں۔ آپ نے جس اعتماد کے ساتھ FGEHA کا انتخاب کیا ہے، ہم اپنی کارکردگی اور عملی اقدامات کے ذریعے ثابت کریں گے کہ آپ کا یہ فیصلہ درست تھا۔" انہوں نے کہا کہ FGEHA سرمایہ کاروں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے اور ان کے جائز مسائل کو فوری بنیادوں پر حل کرنے کے لیے پرعزم ہے۔اس مقصد کے تحت ہر سرمایہ کار کو خصوصی پروٹوکول اور سہولت فراہم کی جائے گی، جبکہ ہر سرمایہ کار کے ساتھ FGEHA کا ایک فوکل/متعلقہ افسر مقرر کیا جائے گا تاکہ سرمایہ کار کو کسی بھی معاملے میں دشواری پیش آئے تو وہ براہ راست متعلقہ افسر سے رابطہ کرسکے اور اس کے مسئلے کو فوری طور پر حل کیا جاسکے۔کیپٹن (ر) ظفر اقبال نے کہا کہ سرمایہ کاروں کے اعتماد کو برقرار رکھنا اتھارٹی کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور ادارہ سرمایہ کاروں کو بروقت سہولت، رہنمائی اور خدمات کی فراہمی یقینی بنائے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ FGEHA کی جانب سے سرمایہ کاروں کو سہولت فراہم کرنے کے لیے وضع کی گئی پالیسیوں اور ادائیگی کے طریقہ کار کا مقصد سرمایہ کاروں کو زیادہ سے زیادہ آسانی فراہم کرنا ہے۔ اتھارٹی مستقبل میں بھی سرمایہ کاروں کے لیے مزید سہولت بخش اقدامات متعارف کرانے کے لیے کوشاں رہے گی۔اس موقع پر موجود سرمایہ کاروں نے بھی FGEHA کی پالیسیوں پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے دیگر اداروں کے بجائے FGEHA کی پالیسیوں، شفاف طریقہ کار اور سرمایہ کار دوست اقدامات کو مدنظر رکھتے ہوئے FGEHA کا انتخاب کیا ہے۔سرمایہ کاروں نے کہا کہ انہیں امید ہے کہ اتھارٹی مستقبل میں بھی اسی جذبے کے ساتھ ان کے مفادات اور سہولیات کو ترجیح دے گی۔سرمایہ کاروں نے FGEHA کی جانب سے ان کے لیے خصوصی سہولیات اور مسائل کے فوری حل کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو سراہا اور اسے سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافے کے لیے ایک مثبت قدم قرار دیا۔تقریب کے اختتام پر سوال و جواب (Question & Answer) سیشن کا بھی انعقاد کیا گیا، جس میں سرمایہ کاروں نے براہ راست ڈائریکٹر جنرل FGEHA سے مختلف امور اور اپنی سرمایہ کاری سے متعلق سوالات کیے۔ ڈی جی FGEHA نے سرمایہ کاروں کے سوالات کو غور سے سنا اور موقع پر ہی متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے بیشتر مسائل کے فوری حل کی یقین دہانی کرائی۔اس موقع پر سرمایہ کاروں نے براہ راست اعلیٰ انتظامیہ تک رسائی اور ان کے سوالات کے فوری جواب اور حل فراہم کرنے پر ڈائریکٹر جنرل اور FGEHA انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔تقریب کے اختتام پر کامیاب سرمایہ کاروں میں Acceptance Letters اور Awards تقسیم کیے گئے اور انہیں کامیاب آکشن میں شرکت پر مبارکباد پیش کی گئی۔ FGEHA انتظامیہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ادارہ سرمایہ کاروں کے ساتھ باہمی اعتماد، شفافیت اور تعاون کے اصولوں کو مزید مضبوط بناتے ہوئے انہیں بہترین ممکنہ سہولیات فراہم کرتا رہے گا۔

بقیہ 14

مہلت دے دی۔اعلامیے کے مطابق وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت امن وامان سے متعلق خصوصی اجلاس منعقد ہوا، جس میں آر پی او/ڈی پی او/ڈی سی او راولپنڈی نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی، اجلاس میں صوبے کے ہر ڈویژن اور ضلع میں امن وامان کی صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے خواتین اور بچوں کے خلاف بڑھتے ہوئے جرائم پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ جرائم کی روک تھام اور امن وامان کی مجموعی صورتحال میں بہتری کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں، انہوں نے خبردار کیا کہ چار ہفتوں میں صورتحال بہتر نہ ہونے پر متعلقہ پولیس افسران کو عہدوں سے ہٹایا جاسکتا ہے۔اجلاس میں وزیراعلیٰ نے پولیس کو تمام اضلاع، بالخصوص صوبائی سرحدی علاقوں سے گندم کی سمگلنگ روکنے کی ہدایت کی، انہوں نے پولیس میں انسداد رشوت ستانی مہم تیز کرنے اور بدعنوانی میں ملوث اہلکاروں کے خلاف کارروائی کا حکم بھی دیا۔

بقیہ 15

شوکت علی نے اجلاس میں سرگودھا ڈویژن کے اضلاع سے گندم کی سمگلنگ کو ہر صورت سختی سے روکنے کا ٹاسک دیتے ہوئے اضلاع انتظامیہ کو ٹیمیں تشکیل دینے کا حکم دیا جن میں محکمہ خوراک، پولیس اور چیکنگ برانچ کے اہلکار بھی شامل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ گندم کی نقل وحمل اور سمگلنگ کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کئے جاسکیں۔کمشنر نے دو اضلاع میانوالی اور بھکر انتظامیہ کو خصوصی ہدایت کی کہ سرحدی علاقوں پر کڑی نظر رکھی جائے اور گندم کی غیر قانونی نقل وحمل کی کسی کوشش کو کامیاب نہ ہونے دیا جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ اگر محکمہ خوراک کا کوئی ملازم گندم کی سمگلنگ میں ملوث پایا گیا تو اس کے خلاف بلاامتیاز فوری کارروائی کی جائے گی۔انہوں نے بتایا کہ پنجاب حکومت نے آٹا کے 20 کلوگرام تھیلا پر پابندی عائد کردی اب صرف 10 اور 15 کلوگرام کا آٹا تھیلا دستیاب ہوں گے۔

بقیہ 16

ملک نے تحریری فیصلہ جاری کردیا۔ سروس ٹریبونل نے 15 جولائی 2014 کے مرتب کردہ ریکروٹمنٹ رولز کو کالعدم قرار دیا تھا۔عدالت کے تحریری فیصلے کے مطابق سروس ٹریبونل کو پالیسی امور اور ریکروٹمنٹ رولز کا نظرِ ثانی ختم کرنے کا اختیار نہیں تھا، ٹریبونل کو اپنے دائرہ اختیار کی حدود کا خیال رکھنا چاہیے تھا، ٹریبونل خود کو

ندیم ناصر کی زیر صدارت بلڈنگ میپ کمیٹی کا اجلاس، 660 کیسز کا فیصلہ

* گزشتہ 3 سال کے منظور شدہ کمرشل نقشہ جات کی تفصیلات طلب، شکایت پر فیلڈ عملہ تبدیل کرنے کی ہدایت

راولپنڈی میں کمرشل و رہائشی عمارتوں کے نقشہ جات کی منظوری کے 712 کیسز میں سے 660 نمٹا دیے گئے، ڈپٹی کمشنر

زیر التوا کیسز کو جلد نمٹانے، فیلڈ عملے میں جنکے خلاف شکایات ہیں انہیں فوری تبدیل کیا جائے، روڈز کی معیاری تعمیر و بحالی یقینی بنانے کی ہدایت

تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، تجاوزات ختم اور تمام ترقیاتی منصوبے اپریل تک مکمل کیے جائیں، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت راولپنڈی میونسپل کارپوریشن کی حدود میں کمرشل و رہائشی عمارتوں کے منظور شدہ نقشہ جات، منظوری کے عمل اور زیر التوا کیسز کے حوالے سے اجلاس ان کے دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز فضائل مدثر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز جنید عالم، سی ای او ایم سی اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ عمارتوں کے نقشہ جات کی منظوری سے متعلق مجموعی طور پر 712 کیسز میں سے 660 کیسز کا فیصلہ کیا جا چکا ہے، جبکہ 52 کیسز پر کام ہو رہا ہے۔ زیر التوا کیسز میں سے 14 تکمیل کے مراحل میں ہیں، 17 پر اعتراضات عائد کیے گئے ہیں جبکہ 21 کیسز مسترد کیے جا چکے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے ہدایت کی کہ گزشتہ تین سال کے دوران منظور کیے گئے کمرشل عمارتوں کے نقشہ جات اور ان کی تفصیلات مرتب کر کے پیش کی جائیں تاکہ منظوری کے عمل کا مؤثر (بقیہ نمبر 1)

سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد انسداد دہشتگردی عدالت میں پیشی کے بعد واپس آ رہے ہیں

پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے الائیڈ ونگز کی تنظیم نو کا آغاز، درخواستیں طلب

پیپلز یوتھ اور پی ایس ایف کے عہدیداروں کے انتخاب کے لیے 15 نومبر آخری تاریخ مقرر

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب نے اپنے الائیڈ ونگز کی تنظیم نو کا عمل شروع کر دیا۔ اس سلسلے میں پارٹی کے جنرل سیکرٹری سید حسن مرتضیٰ نے پیپلز سٹوڈنٹس فیڈریشن اور پیپلز یوتھ وسطی پنجاب کے مختلف عہدوں کے لیے اہل رہنماؤں اور کارکنوں سے درخواستیں طلب کر لی ہیں۔ درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 15 نومبر 2026ء مقرر کی گئی ہے۔

ہیوی گاڑیوں کے ڈرائیورز کا سالانہ طبی معائنہ لازمی قرار دینے کی تجویز

لائسنس کی تجدید کیلئے میڈیکل اور سی آر اور ریکارڈ لازمی کرنے کی تجویز ہے، سی ٹی او لاہور

لاہور (این این آئی) لاہور میں خونی حادثات کی روک تھام کے لئے کمرشل گاڑیوں کے ڈرائیورز کے حوالے سے اہم فیصلہ ہوگیا۔ لاہور میں رجسٹرڈ کل گاڑیوں کی 4 فیصد کمرشل گاڑیاں جان لیوا حادثات میں 44 فیصد ملوث ہیں، اس لئے ٹرالرز اور ہیوی گاڑیوں کے ڈرائیورز کا ہر سال میڈیکل بورڈ سے طبی معائنہ کروانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ سی ٹی او لاہور (بقیہ نمبر 33)

بیرون ملک بیٹھے یوٹیوبرز پی ٹی آئی کے سب سے بڑے دشمن ہیں، خواجہ آصف

جب پی ٹی آئی کی حکومت تھی تب تو ان یوٹیوبرز کی عید تھی ہی لیکن آج پی ٹی آئی اقتدار میں نہیں ہے تب بھی حسب معمول انکی جیبیں بھر رہی

منفی اور اشتعال انگیز پوسٹس کا خمیازہ اور قیمت پاکستان کے اندر پی ٹی آئی کو چکانی پڑتی ہے، وفاقی وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ بیرون ملک بیٹھے مفت خور یوٹیوبرز درحقیقت پاکستان تحریک انصاف کے سب سے بڑے دشمن ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے ایک بیان میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ تمام یوٹیوبرز باہر محفوظ بیٹھ کر ٹوٹ چھاپ رہے ہیں جبکہ ان کی منفی اور اشتعال انگیز پوسٹس کا خمیازہ اور قیمت پاکستان کے اندر پی ٹی آئی کو چکانی پڑتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسی صورتحال پہلے کبھی نہیں دیکھی کہ جس شخص کی حمایت کے دعوے کئے جا رہے ہوں، (بقیہ نمبر 44)

قومی اسمبلی کے اسپیکر سردار ایاز صادق کی جمہوریہ مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز سے ملاقات

میری بیٹی نے 15 برس کی عمر میں قرآن کی تعلیم حاصل کی تھی، بل کلنٹن

مسلمانوں کو محض مسلمان ہونے کی وجہ سے بدنام کرنے والوں سے تنگ آ چکا ہوں

نیویارک (آئی آئی پی) امریکا کے سابق صدر بل کلنٹن نے موجودہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مسلم مخالف بیانیے پر انہیں تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ میں مسلمانوں کو محض مسلمان ہونے کی وجہ سے بدنام کرنے والوں سے تنگ آ چکا ہوں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق حال ہی میں سابق صدر نے جنوبی فلوریڈا کے ایک گرجا گھر میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے امریکیوں کو مسلمانوں کے ساتھ نامناسب رویہ اختیار کرنے پر تنقید (بقیہ نمبر 45)

کیمرے والی عینک و جاسوسی آلات پر پابندی لگانے کا حکم

منشیات کے خاتمے کے لیے بھرپور کارروائی یقینی بنائی جائے، وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (اے ایف پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پولیس کو تمام اضلاع سے گندم کی اسمگلنگ روکنے کی ہدایت کرتے ہوئے پولیس میں انسداد رشوت ستانی مہم اور ملوث اہلکاروں کے خلاف کارروائی تیز کرنے کا حکم دے دیا۔ مریم نواز نے پولیس کو ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف بیشکی کارروائی اور برآمدگی، کیمرے والی عینک سمیت دیگر جاسوسی آلات پر پابندی یقینی بنانے کی ہدایت کر دی۔ انہوں نے پنجاب بھر میں پولیس پیٹرولنگ، پولیس افسران (بقیہ نمبر 46)

ملک چلانے والوں کو احساس ہو چکا ہے کہ موجودہ نظام موثر نہیں ہے، مصطفیٰ کمال

آبادی میں مسلسل اضافے سے صحت کا نظام دبا کا شکار ہے، اسپتالوں کی تعداد بڑھانا اکیلا حل نہیں، وفاقی وزیر صحت

ملک کا صحت کا نظام تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے، سالانہ 11 ہزار مائیں دورانِ زچگی جان کی بازی ہار جاتی ہیں

لاہور: سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ سندھ پولیس کے وفد کے رکن کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ملک چلانے والوں کو احساس ہو چکا ہے کہ موجودہ نظام موثر نہیں رہا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ دنیا لائف اسٹائل میڈیسن کی طرف جا چکی تاہم ہمیں بیماری سے پہلے بچا کی جانب جانا ہوگا، صحت کی اصلاح حکومت اکیلے نہیں کر سکتی، نجی شعبہ اور جامعات ساتھ دیں، علاج معالجہ نہیں، احتیاط پر سرمایہ کاری کرنی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ آبادی میں مسلسل اضافے سے صحت کا نظام دبا کا شکار ہے، اسپتالوں (بقیہ نمبر 48)

حکومت اور جماعت اسلامی کی مذاکراتی ٹیموں کا اجلاس طے

مذاکرات اور احتجاج ساتھ ساتھ جاری رہیں گے، لیاقت بلوچ

اسلام آباد (اے ایف پی) پیٹرولیم لیوی کے خاتمے پر حکومت اور جماعت اسلامی کی مذاکراتی ٹیموں کا اجلاس طے ہوگیا۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ سے ٹیلیفونک رابطہ کیا، جس میں پیٹرول لیوی کے (بقیہ نمبر 49)

کمرشل گاڑیوں کے ڈرائیورز کے حوالے سے اہم فیصلہ

لائسنس کی تجدید کیلئے میڈیکل کیساتھ سی آر اور ریکارڈ لازمی کرنے کی تجویز

لاہور (اے ایف پی) لاہور میں خونی حادثات کی روک تھام کیلئے کمرشل گاڑیوں کے ڈرائیورز کے حوالے سے اہم فیصلہ ہوگیا۔ لاہور میں رجسٹرڈ کل گاڑیوں کی 4 فیصد کمرشل گاڑیاں جان لیوا حادثات میں 44 فیصد ملوث ہیں، اس لئے ٹرالرز اور ہیوی گاڑیوں کے ڈرائیورز کا ہر سال میڈیکل بورڈ سے طبی معائنہ کروانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ سی ٹی او لاہور عبدالرحیم شیرازی نے کمرشل ڈرائیورز کے لائسنس کی تجدید کے لیے میڈیکل کے ساتھ ساتھ (بقیہ نمبر 50)

اسلام آباد: نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ صحافیوں سے گفتگو کر رہے ہیں

پی ٹی آئی نے اے پی سی بلانے کا اعلان کر دیا، لانگ مارچ کا فیصلہ برقرار

آئندہ 10 روز میں آل پارٹیز کانفرنس بلا رہے ہیں جس کے لیے مولانا فضل الرحمان سمیت اہم سیاسی جماعتوں سے رابطے ہیں

وزیر اعلیٰ اور اسپیکر کو لاپتا کیا گیا، ایم این ایز اور ایم پی ایز کو اٹھایا جا رہا ہے، سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی سلمان اکرم راجہ

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے آئندہ 10 روز میں آل پارٹیز کانفرنس بلانے کا اعلان کر دیا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ محمود اچکزئی بانی پی ٹی آئی کے مقرر کردہ قائد حزب اختلاف ہیں، لانگ مارچ کا فیصلہ برقرار ہے، وزیر اعلیٰ اور اسپیکر کو لاپتا کیا گیا، ایم این ایز اور ایم پی ایز کو اٹھایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کی ناکامی سے متعلق غلط بیانیہ بنایا گیا، مذاکرات کو جان بوجھ کر ناکام بنایا گیا۔ سلمان اکرم نے کہا کہ آئندہ 10 روز میں (بقیہ نمبر 52)

لاہور میں 3 جعلی کال سینٹرز پر چھاپے، 59 ملزمان گرفتار

ملزمان میں 52 مرد اور 7 خواتین شامل، 61 لیپ ٹاپس، 21 کمپیوٹر سسٹمز برآمد

لاہور (اے ایف پی) پاکستان انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے لاہور کے علاقے گلبرگ میں 3 جعلی کال سینٹرز پر چھاپے مار کر 59 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان این سی سی آئی اے کے مطابق گرفتار ملزمان میں 52 مرد اور 7 خواتین شامل ہیں جبکہ 61 لیپ ٹاپس، 21 کمپیوٹر سسٹمز اور 52 موبائل فونز بھی برآمد کیے گئے ہیں۔ این سی سی آئی اے کا کہنا ہے کہ ملزمان غیر ملکی شہریوں کو جعلی موبائل ایپ گریڈ، سستے پیکجز کا جھانسا دیتے تھے۔ ترجمان این سی سی آئی اے نے بتایا کہ ملزمان جعلی ایپ پر رجسٹرڈ ریسٹورنٹس کا ڈیٹا ہیک کر کے ہفتہ وار ادائیگیاں اپنے اکاؤنٹس میں منتقل کرتے تھے۔ ڈی جی این سی سی (بقیہ نمبر 51)

سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی اور امریکی قونصل جنرل اسٹیفنسن سینڈرز کا ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کی دفتر میں شہریوں سے ملاقات، عوامی مسائل سنے

چکوال (این این آئی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد شہاب اسلم نے اپنے دفتر میں شہریوں سے ملاقات کی اور عوامی مسائل سنے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے درخواستوں و شکایات کے بروقت اور میرٹ پر حل کے لیے متعلقہ عملہ کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوام الناس کو ریلیف فراہم کرنے کا سلسلہ روزانہ کی بنیادوں پر جاری رہے گا، شہری اپنے مسائل کے حل کیلئے سرکاری دفاتر میں تشریف لائیں تاکہ انہیں فوری ریلیف فراہم کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 31)

ڈی پی او چکوال کی کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر سنے

چکوال (این این آئی) ڈی پی او چکوال کاشف ذوالفقار نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر سنے۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کاشف ذوالفقار نے تھانہ سٹی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر سنے گئے۔ کھلی کچہری میں شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر ڈی پی او چکوال نے شہریوں کے مسائل، شکایات (بقیہ نمبر 32)

اٹک، شین باغ پھاٹک پر ٹرین کی زد میں آ کر 55 سالہ شخص جاں بحق

اٹک (این این آئی) شین باغ پھاٹک کے قریب ٹرین کی زد میں آ کر 55 سالہ شخص جاں بحق ہو گیا، جاں بحق ہونے والے کی شناخت محمد فیاض ولد لال خان، سکنہ سروالہ، کے نام سے ہوئی ہے۔ اطلاعات کے مطابق محمد فیاض ٹرین کے نیچے آ گیا، جس سے وہ موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو 1122 کی ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور ضروری کارروائی (بقیہ نمبر 34)

قومی اسمبلی کے اسپیکر سردار ایاز صادق کی جمہوریہ مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیز سے ملاقات

میری بیٹی نے 15 برس کی عمر میں قرآن کی تعلیم حاصل کی تھی، بل کلنٹن

مسلمانوں کو محض مسلمان ہونے کی وجہ سے بدنام کرنے والوں سے تنگ آ چکا ہوں

نیویارک (آئی آئی پی) امریکا کے سابق صدر بل کلنٹن نے موجودہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مسلم مخالف بیانیے پر انہیں تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ میں مسلمانوں کو محض مسلمان ہونے کی وجہ سے بدنام کرنے والوں سے تنگ آ چکا ہوں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق حال ہی میں سابق صدر نے جنوبی فلوریڈا کے ایک گرجا گھر میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے امریکیوں کو مسلمانوں کے ساتھ نامناسب رویہ اختیار کرنے پر تنقید (بقیہ نمبر 45)

کیمرے والی عینک و جاسوسی آلات پر پابندی لگانے کا حکم

منشیات کے خاتمے کے لیے بھرپور کارروائی یقینی بنائی جائے، وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (اے ایف پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پولیس کو تمام اضلاع سے گندم کی اسمگلنگ روکنے کی ہدایت کرتے ہوئے پولیس میں انسداد رشوت ستانی مہم اور ملوث اہلکاروں کے خلاف کارروائی تیز کرنے کا حکم دے دیا۔ مریم نواز نے پولیس کو ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف بیشکی کارروائی اور برآمدگی، کیمرے والی عینک سمیت دیگر جاسوسی آلات پر پابندی یقینی بنانے کی ہدایت کر دی۔ انہوں نے پنجاب بھر میں پولیس پیٹرولنگ، پولیس افسران (بقیہ نمبر 46)

شیخوپورہ میں 12 سالہ گھریلو ملازمہ وحشیانہ تشدد سے جاں بحق

شیخوپورہ (آئی آئی پی) شیخوپورہ میں گھر میں کام کرنے والی 12 سالہ ملازمہ ایلخانہ کے مبینہ تشدد سے جاں بحق ہوگئی۔ یہ واقعہ شیخوپورہ کے علاقے اولکھ پارک میں پیش آیا جہاں لیڈی ہیلتھ ورکر، اس کے شوہر اور 20 سال کے بیٹے نے مل کر گھر میں کام کرنے والی 12 سال کی زینب کو ڈنڈوں سے وحشیانہ تشدد کر کے مار ڈالا۔ پولیس کے مطابق پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے لیڈی ہیلتھ ورکر کے شوہر کو گرفتار کر لیا۔

12 سال کی بچی کو بلیک میل کرنے پر 2 ملزمان کو 10، 10 سال قید کی سزا

اسلام آباد (آئی آئی پی) اسلام آباد میں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس نے 12 سال کی بچی کو بلیک میل اور نازیبا تصاویر شیئر کرنے پر 2 ملزمان کو مجموعی طور پر 10، 10 سال قید کی سزا سنا دی، عدالت نے ملزمان کو 20 لاکھ جرمانہ کی سزا بھی دی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج محمد افضل مجوکہ نے کیس کا فیصلہ سنایا۔ عدالت نے ملزمان کو سیکشن 22 کے تحت 7، 7 سال اور 10 سال جرمانہ کی سزا کا حکم دیا، جبکہ سیکشن 24 کے تحت دونوں ملزمان (بقیہ نمبر 47)

منشیات برآمدگی کیس میں انمول عرف پنکی کی بریت کی درخواست دائر

کراچی: (اے ایف پی) منشیات برآمدگی کیس میں انمول عرف پنکی کی بریت کی درخواست دائر کر دی گئی۔ کراچی کی عدالت میں ملزمہ انمول عرف پنکی کے خلاف منشیات برآمدگی کے 3 مقدمات کی سماعت ہوئی، ملزمہ انمول عرف پنکی کو ویڈیو لنک کے ذریعے عدالت میں پیش کیا گیا۔ سماعت کے دوران تفتیشی افسر سمیت 3 گواہان کے بیانات قلمبند کئے گئے، جبکہ وکیل صفائی نے گواہان کے بیانات پر جرح کیلئے مہلت طلب کی۔ عدالت نے مقدمات کی مزید سماعت 13 اکتوبر تک ملتوی کر دی۔

یتیم بچے کی ہلاکت کا واقعہ، ملزم کی سی سی ڈی منتقلی کی تفصیلات سامنے آ گئیں

ملتان (اے ایف پی) ملتان میں 15 سالہ یتیم لڑکے کی ہلاکت میں گرفتار ملزم کی سی سی ڈی بہاولپور منتقلی کیسے ہوئی؟ کس ایکٹ کے تحت ملزم کی منتقلی ہوئی اور کس کی درخواست پر ملزم کو بہاولپور سی سی ڈی منتقل کیا گیا؟ تفصیلات سامنے آ گئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق ملتان میں رات کو ہونے والی ایک میٹنگ میں سی سی ڈی افسران نے موقف اختیار کیا تھا کہ تو قیر نذیر کا کوئی سابقہ مجرمانہ ریکارڈ نہیں اور مقدمہ ہائی پروفائل کیس کے زمرے میں بھی نہیں آتا۔

صدر مملکت آصف علی زرداری لاہور سے جرمنی چلے گئے

گزشتہ 23 سالوں بعد کسی بھی پاکستانی سربراہ مملکت کا یہ پہلا دورہ جرمنی ہوگا

رواں برس دونوں ممالک اپنے سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ بھی منا رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری لاہور سے جرمنی چلے گئے۔ صدر مملکت دورہ کے دوران جرمن صدر اور اعلیٰ حکومتی عہدیداران سے دوطرفہ تعلقات، علاقائی اور عالمی صورتحال اور معاشی و تجارتی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کریں گے۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت یہ دورہ جرمنی کے صدر فریک والٹر شٹائن مائر کی دعوت پر کر رہے ہیں۔ صدر آصف علی زرداری کا دورہ جرمنی انتہائی اہمیت کا حامل ہے، گزشتہ 23 سالوں بعد کسی بھی پاکستانی سربراہ مملکت کا یہ پہلا دورہ جرمنی ہوگا۔ رواں برس دونوں ممالک ا اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری لاہور سے جرمنی چلے گئے۔ صدر مملکت دورہ کے دوران جرمن صدر اور اعلیٰ حکومتی عہدیداران سے دوطرفہ تعلقات،

2 پتنگ سپلائر گرفتار 1600 پتنگیں اور 17 ڈوریں برآمد

پتنگ بازی جیسے خونی کھیل میں ملوث افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 2 پتنگ سپلائر گرفتار کر کے 1600 پتنگیں اور 17 ڈوریں برآمد کر لیں۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 1500 پتنگیں اور 16 ڈوریں برآمد کیں، نصیر آباد پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 100 پتنگیں اور ڈور برآمد کی، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لئے گئے۔ ایس پی پوٹھوہار چوہدری اثر علی نے کہا کہ پتنگ بازی کو ناقابل ضمانت جرم قرار دیا گیا ہے۔

صوبائی وزیر پیر محمد منشاء اللہ بٹ، سندر انڈسٹریل اسٹیٹ کے دورے کے موقع پر محنت کشوں سے نجی فیکٹری میں موجود سوشل سیکیورٹی موبائل ہیلتھ پروگرام کے تحت فراہم کردہ طبی سہولیات بارے دریافت کر رہے ہیں

راولپنڈی، قتل، اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب دو اشتہاری گرفتار

معمولی تلخ کلامی پر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے شہری کو قتل، دوسرے کو زخمی کر دیا تھا

راولپنڈی (این این آئی) کہوٹہ پولیس نے قتل، اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب دو اشتہاری گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق کہوٹہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل، اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب دو اشتہاریوں کو گرفتار کر لیا، اشتہاریوں نے معمولی تلخ کلامی پر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے شہری کو قتل جبکہ دوسرے کو زخمی کر دیا تھا، اشتہاری اگست 2026 سے پولیس کو مطلوب تھے، کہوٹہ پولیس نے ہیومن انٹیلی جنس سمیت تمام ذرائع بروئے (بقیہ نمبر 41)

لاہور، صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر سی ایم پنجاب یوتھ گیمز کی رجسٹریشن کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

راولپنڈی، کمسن بچے سے زیادتی کی کوشش کرنے والا ملزم گرفتار

خواتین، بچوں سے ہراسمنٹ یا زیادتی ناقابل برداشت ہیں، ایس پی صدر

راولپنڈی (این این آئی) جاتلی پولیس نے کمسن بچے سے زیادتی کی کوشش کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق جاتلی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کمسن بچے سے زیادتی کی کوشش کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا، مدعی مقدمہ کے مطابق ملزم میرا پڑوسی ہے جس نے میرے بیٹے سے زیادتی کی کوشش کی، جاتلی پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا۔

(PPRA) کے تعاون سے منعقدہ تقریب میں آڈیٹر جنرل آف پاکستان مقبول احمد گوندل شرکاء کو سرٹیفکیٹ تقسیم کر رہے ہیں

غیر قانونی سرگرمیوں کیخلاف کارروائیاں تیز کرنے کی ہدایت

ڈی سی اٹک کی زیر صدارت ضلعی رابطہ کمیٹی برائے لا اینڈ آرڈز کا اجلاس

اٹک (این این آئی) ڈپٹی کمشنر اٹک ڈاکٹر مدثر احمد شاہ کی زیر صدارت ضلعی رابطہ کمیٹی برائے لا اینڈ آرڈر کا اجلاس منعقد ہوا جس میں امن و امان، ٹریفک قوانین، غیر قانونی پٹرول پمپس، ایل پی جی ڈکیتنگ، بجلی چوری، تجاوزات اور دیگر امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ستمبر کے دوران ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر 7 ہزار 680 چالان کیے گئے اور ایک کروڑ 18 لاکھ 30 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ غیر قانونی ایل پی جی ڈکیتنگ پر 47 مقامات سیل کیے گئے جبکہ 300 مدارس غیر رجسٹرڈ ہیں۔ ضلع میں بیرون ملک (بقیہ نمبر 42)

رشتہ نہ ملنے کی پرانی رنجش پر خنجر کے وار سے لڑکی زخمی، ہسپتال منتقل

تھانہ ڈھڈیال پولیس نے زخمی لڑکی کے بیان پر مقدمہ درج کر کے ملزم کی تلاش شروع کر دی

چکوال (این این آئی) تھانہ ڈھڈیال کے قصبہ ڈورے میں رشتہ نہ ملنے کی پرانی رنجش پر ایک شخص نے خنجر کے وار کر کے لڑکی کو شدید زخمی کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ رات دس بجے کے قریب قصبہ ڈورے میں ظفر اقبال نامی شخص نے دیوار پھلانگ کر گھر میں موجود بیس سالہ نوجوان لڑکی کو خنجر کے پے در پے وار کر کے شدید زخمی کر دیا ہے۔ بتایا جا رہا ہے کہ لڑکی کی چند دن قبل منگنی طے ہوئی تھی۔ ملزم ظفر اقبال بیرون ملک مقیم تھا اور زخمی ہونے (بقیہ نمبر 43)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

گوجر خان پولیس نے گھر میں چوری کا معمہ حل کر لیا

گھر میں نقب زنی کرنے والا مبینہ پڑوسی گرفتار، اے ایس آئی فیاض نے چوری شدہ 10 تولے سونا اور ڈھائی لاکھ روپے برآمد کر لیے

ایس ایچ او چوہدری رفیق کی سربراہی میں گوجر خان پولیس کی کامیاب تفتیش، پانچ روز قبل ہونے والی واردات کا سراغ مل گیا

گوجر خان (قمر شہزاد) تھانہ گوجر خان پولیس نے پانچ روز قبل شہری کے گھر میں ہونے والی چوری اور نقب زنی کی واردات کا معمہ حل کرتے ہوئے مبینہ طور پر ملوث پڑوسی کو گرفتار کر لیا۔ ایس ایچ او چوہدری رفیق کی سربراہی میں اے ایس آئی فیاض نے کامیاب تفتیش کے دوران ملزم کو شاملِ تفتیش کیا، جس نے واردات میں ملوث ہونے کا انکشاف کیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے اہلِ خانہ کی غیر موجودگی میں (بقیہ نمبر 2)

اٹک، قتل کیس، قدرت اللہ کو سزائے موت، 5 لاکھ روپے ہرجانہ

اٹک (این این آئی) تھانہ سٹی اٹک کے قتل کیس میں موثر تفتیش اور پیروی کے نتیجے میں مجرم قدرت اللہ ولد حاکم خان کو سزائے موت اور 5 لاکھ روپے ہرجانے کی سزا سنا دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق مجرم قدرت اللہ نے مارچ 2025 میں تھانہ سٹی اٹک کے علاقے میں قاری نظام الدین کو نماز تراویح کے بعد گھر جاتے ہوئے راستے میں فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا۔ مقدمہ نمبر 305/25 جرم (بقیہ نمبر 35)

جمشید دستی کی ضمانت میں 4 نومبر تک توسیع، تمام مقدمات کا ریکارڈ طلب

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے جعلی ڈگری کے معاملے میں فوجداری کارروائی سے متعلق کیس کی سماعت کرتے ہوئے جمشید دستی کی ضمانت میں 4 نومبر تک توسیع کر دی۔ جسٹس ملک شہزاد احمد کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ عدالت نے وفاق اور تمام صوبوں سے جمشید دستی کے خلاف درج مقدمات کا ریکارڈ طلب کر لیا۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ جائزہ لیا جائے گا کہ آیا یہ کیس 2 رکنی بینچ سن سکتا ہے یا نہیں۔ بعد ازاں سپریم کورٹ نے کیس کی مزید سماعت 4 نومبر تک ملتوی کر دی۔

حج و عمرہ زائرین کیلئے لازمی ویکسی نیشن کی مدت میں توسیع

لازمی ویکسی نیشن کی تصدیق پر عملدرآمد 20 نومبر صبح 10 بجے سے کیا جائیگا

کراچی (اے ایف پی) سعودی عرب جانے والے مسافروں کیلئے لازمی ویکسینیشن کی مدت میں ایک ماہ کی توسیع کر دی گئی۔ کراچی ایئرپورٹ سے عمرہ اور سعودی عرب جانے والے دیگر مسافروں کے لیے لازمی ویکسینیشن کی تصدیق پر عملدرآمد 20 نومبر صبح 10 بجے سے کیا جائے گا جبکہ اس کی مدت میں ایک ماہ کی مزید توسیع کر دی گئی ہے۔ لازمی ویکسینیشن کے لیے قبل ازیں 15 اکتوبر کی اعلان کردہ تاریخ کے تحت بغیر ویکسینیشن کارڈ سفر پر پابندی عائد کی گئی۔

محکمہ صحت کی ملازمہ کے گھر میں کام کرنیوالی کمسن ملازمہ تشدد سے ہلاک

لیڈی ہیلتھ ورکر، اس کے شوہر زینب